31 اکتوبر 2016ء

اسٹیٹ بینک نے مالی سال 16ء کے لیے سالانہ کارکردگی کا جائزہ اور مالی گوشوارے جاری کردیے

بینک دولت پاکستان نے 30 جون 2016ء کو ختم ہونے والے سال کے لیے بینک اور اس کے ذیلی اداروں کے کام کے بارے میں 'سالانہ کارکردگی کا جائزہ' اور آڈٹ شدہ مالی گوشوارے آج جاری کردیے۔

سالانہ کارکردگی کا جائزہ اور مالی گوشوارے اسٹیٹ بینک کے بورڈ نے اپنے 29 اکتوبر 2016ء کو منعقدہ اجلاس میں منظور کیے۔ کارکردگی کا جائزہ اور مالی گوشوارے اسٹیٹ بینک آف پاکستان ایکٹ 1956ء کی دفعہ 40(2) کے مطابق جاری کیے گئے ہیں جس کے تحت اسٹیٹ بینک مالی سال کے خاتمے کے چار ماہ کے اندر عوام کے لیے رپورٹ کا اجرا کرتا ہے اور یہی رپورٹ وفاقی حکومت کو ارسال کرتا ہے۔ مالی سال 16ء کا سالانہ کارکردگی کا جائزہ اور مالی گوشوارے اس لنک پر دستیاب ہیں :

http://www.sbp.org.pk/reports/annual/arFY16/Vol1/anul-index-eng.htm

***